# تعلیم الفقہ

## خط وکتابت کورس

• کامیاب ہونے کے لیے ہر پرچہ میں کم ازکم 60% نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں، بصورت دیگر دوبارہ امتحان دینا ہوگا۔

• اردو کے علاوہ کسی دوسری زبان میں پرچہ حل کرنے کی خواہش رکھنے کی صورت میں ادارے کو پیشگی اطلاع دیں۔

• کورس میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو آئندہ ہونے والی الھدیٰ کانووکیشن میں سرٹیفیکیٹ دیا جائے گا۔

## انچارج سے رہنمائی

• خط وکتابت کورس کے دوران نگران کے ساتھ رابطہ رکھنا ضروری ہے۔

• سبق سننے کے دوران کوئی بات سمجھ نہ آئے یا کوئی سوال ذہن میں آئے تو بذریعہ خط یا ای میل شعبہ انچارج سے پوچھیں۔

• مزید معلومات کے لیے شعبہ خط وکتابت سے دیے گے ایڈریس پر رابطہ کریں۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**مَنۡ یُرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیۡرًا یُفَقِّھۡہُ فِی الدِّیۡنِ**

”اللہ تعالیٰ جس شخص کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے“۔[مسند احمد:2790]


**الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان**

اسلام آباد: 7۔اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد

فون نمبر: 9-4866125 (92-51) | (92-331) 7556222

ccourse.isb@alhudapk.com

کراچی: 59-E، خیابانِ سحر، DHA فیز 6، کراچی

فون: +92-335-3964629 | +92-21-35171136-8

acd.dept.khi@alhudapk.com | cc.dept.khi@alhudapk.com

www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com

# تعلیم الفقہ خط وکتابت کورس

داخلہ فارم بذریعہ ای میل یا فون (واٹس ایپ) منگوایا جاسکتا ہے۔

داخلہ فارم منگوانے کے لیے اس فون نمبر یا ای میل پر رابطہ کریں۔

**فون نمبر:** 0331-7556222

**ای میل:** ccourse.isb@alhudapk.com

داخلہ فارم درست اور مکمل پُر کر کے submit کریں۔

داخلہ فارم موصول ہونے پر **Blinq System** کی طرف سے آپ کو ایک چالان فارم /Voucher بذریعہ ای میل بھجوایا جائے گا۔

تعلیم الفقہ کورس کے رجسٹریشن چارجز درج ذیل ہیں۔

**اندرونِ ملک:** -/1000 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 40 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔

فیس کا چالان فارم Blinq کی لسٹ میں دیئے گئے کسی بھی بنک میں جا کر جمع کروایا جاسکتا ہے یا کسی بھی بنک کی موبائل فون ایپ یا ایزی پیسہ یا جاز کیش کے ذریعے آن لائن جمع کروایا جاسکتا ہے۔ کوشش کریں کہ چالان فارم موصول ہوتے ہی فیس جلد از جلد چالان فارم پہ دی گئی due date کے اندر اندر جمع کروادیں۔

بیرون ملک سے فیس بھجوانے کے لیے Blinq کے علاوہ الھدیٰ کے مندرجہ ذیل فیس پورٹل پر کلک کر کے دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کیا جاسکتا ہے۔ اس میں اپنے چالان فارم/ voucher کا نمبر ڈالنا ضروری ہوگا۔

**https://www.alhudapk.com/OR**

فیس موصول ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر آپ کو رجسٹریشن لیٹر بھیج دیا جائے گا۔

نوٹ: ایسے مستحق افراد جو فیس ادا نہ کر سکتے ہوں انکے رجسٹریشن چارجز ادارہ زکوۃ یا صدقات فنڈ سے ادا کرے گا اس صورت میں ضرورت مند افراد داخلہ فارم میں سپانسر شپ کے لیے درخواست کریں اور اس کی وجہ بھی ضرور تحریر کریں۔

# تعلیم الفقہ خط وکتابت کورس

ایک سال دورانیہ کا یہ کورس فقہ العبادات کی منتخب کتب اور آڈیو لیکچرز پر مبنی ہے۔

**مقاصد:**

• قرآن مجید اور صحیح احادیث کی روشنی میں اسلامی عبادات کے طریقے جاننا تاکہ فرائض کو درست طور پر ادا کیا جاسکے۔

**اہلیت:**

وہ خواتین وحضرات جو تعلیم القرآن کورس (لفظی ترجمہ وتفسیر) مکمل کر چکے ہوں۔

**نصاب:** اس کورس میں فقہ کی مندرجہ ذیل کتب شامل ہیں۔

| نمبرشمار | کتب | مرتب کا نام | ناشر | نام لیکچرز | مقرر/ مقررہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 1 | طہارت کے مسائل | اقبال کیلانی | حدیث پبلیکیشنز | طہارت ایمان کا حصہ ہے | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 2 | نمازِ نبوی ﷺ | ڈاکٹر شفیق الرحمٰن | دارالسلام | نمازِ نبوی ﷺ | ״ |
| 3 | روزوں کے مسائل | اقبال کیلانی | حدیث پبلیکیشنز | کتاب الصوم | ״ |
| 4 | زکوٰۃ کے مسائل | اقبال کیلانی | حدیث پبلیکیشنز | کتاب الزکوۃ | ״ |
| 5 | حج وعمرہ کے مسائل | اقبال کیلانی | حدیث پبلیکیشنز | حج وعمرہ کیسے کریں | ״ |
| 6 | میرا جینا میرا مرنا | اُمِّ عثمان | الھدیٰ پبلیکیشنز | میرا جینا میرا مرنا | ״ |
| 7 | فقہ اسلامی | ابوہشام | الھدیٰ پبلیکیشنز | فقہ اسلامی | ڈاکٹر ادریس زبیر |

نیز ان کتب کے ساتھ ان کے آڈیو لیکچرز کا سننا بھی لازم ہے۔ یہ لیکچرز الھدیٰ کی ویب سائٹ www.farhathashmi.com اور الھدیٰ **Quran For All** App میں موجود ہیں۔

**کورس کی مدت:**

• طلبہ کی سہولت کے لیے نصاب میں شامل کُتب پر مبنی 7 یونٹ تشکیل دیے گئے ہیں۔ ہر یونٹ با آسانی ایک سے ڈیڑھ ماہ میں مکمل کیا جاسکتا ہے۔

• کورس کی مدت ایک سال ہے۔ ایک سال میں کورس مکمل نہ کرنے کی صورت میں رجسٹریشن چارجز دوبارہ ادا کر کے ری رجسٹریشن کروانا ہوگی۔

• یونٹس کی تفصیل کورس شروع کرنے پر مہیا کی جائے گی۔

## رجسٹریشن چارجز

**اندرونِ ملک:** -/1000 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 40 ڈالر (امریکی) یا اسکے مساوی

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔

کورس کی فیس آپ کو بھیجے گئے چالان فارم / voucher کیساتھ جمع کرانی ہو گی۔

## کورس کا طریقہ کار

• کورس میں داخلہ لینے پر طالب علم کو رجسٹریشن نمبر کے ساتھ کورس کے بارے میں ہدایات اور کورس کے یونٹس کی تفصیل دی جاتی ہے۔

• طالب علم کے لیے ضروری ہے کہ ہر کتاب کو نصاب میں دی گئی ترتیب کے مطابق آڈیو لیکچرز کی مدد سے پڑھے۔

نوٹ: عبادات کی قبولیت کا انحصار اس بات پر ہے کہ وہ اللہ اور رسول ﷺ کے طریقہ پر ادا کی گئی ہو لہٰذا سنت کے مطابق عبادات کا طریقہ سیکھنے اور ان پر عمل پیرا ہونے میں آپ جتنی زیادہ محنت کریں گے اتنا ہی اجر پائیں گے۔

## امتحانات

• ہر یونٹ کی تکمیل پر اس کا امتحان لیا جائے گا، لہٰذا ہر یونٹ مکمل کرتے ہی طالب علم شعبہ خط وکتابت کورس کو سوالنامہ / پرچہ ارسال کرنے کے لیے مطلع کرے۔

• پرچہ حل کرنے سے پہلے اپنا نام، رجسٹریشن نمبر اور تاریخ ضرور لکھیں۔

• پرچہ کو اچھی طرح ایک یا دو بار پڑھیں اور پھر پورے اطمینان وسکون کے ساتھ جواب لکھیں۔

• خط وکتابت کورس کی بنیاد ہی طالب علم سے امانت داری کی توقع پر رکھی گئی ہے لہٰذا پرچہ کو پوری دیانتداری سے حل کریں اور تصحیح کے لیے شعبہ خط وکتابت کو بھیج دیں اور اسی تسلسل کے ساتھ کورس مکمل کریں۔